Highnoon

# غیر معمولی اجلاس عام

بذریعہ نوٹس ہذا مطلع کیا جاتا ہے کہ ہائی نون لیبارٹرز لمیٹڈ ( کمپنی ) کے ممبران کا غیر معمولی اجلاس عام مورخہ 02 ستمبر 2024 بروز سوموار بوقت 11:00 بجے دن کمپنی کے رجسٹرڈ دفتر واقع 17.5 کلومیٹر ملتان روڈ، لاہور میں مندرجہ ذیل امور کی انجام دہی کے لیے منعقد ہو گا:

1- گزشتہ سالانہ اجلاس منعقدہ 29 اپریل 2024 کی کارروائی کی توثیق۔

2- کمپنیز ایکٹ 2017 کے مندرجات کے مطابق 3 ستمبر 2024 سے سات ڈائریکٹران جیسا کے بورڈ نے تعین کیا ہے کا عرصہ تین سال کے لیے انتخاب۔ درج ذیل ڈائریکٹران 2 ستمبر 2024 کو ریٹائر ہو جائیں گے:

1- توصیف احمد خان
2- ڈاکٹر عدیل عباس حیدری
3- توفیق احمد خان
4- غلام حسین خان
5- طارق واجد
6- رومیش الیگزینڈر راڈامال گوڈا ایلا پاٹا
7- مسز زینب عباس

بحکم بورڈ آف ڈائریکٹرز

باقر حسن

کمپنی سیکرٹری

لاہور:

مورخہ 12 اگست 2024ء

## نوٹ

1. کمپنی کی حصص منتقلی کی کتابیں مورخہ 27 اگست تا 02 ستمبر 2024 کے دوران (بشمول دونوں ایام کے) بند رہیں گی۔ جو منتقلیاں 26 اگست 2024 کو کاروباری اوقات کے اختتام تک کمپنی کے شیئر رجسٹرار کے دفتر میسرز کارپ لنک (پرائیویٹ لمیٹڈ) ونگ آرکیڈ K-1 کمرشل ماڈل ٹاؤن لاہور، پاکستان (رجسٹرار) میں باضابطہ طور پر موصول ہوں گی وہ اجلاس میں شرکت کرنے اور ووٹ دینے کیلئے بروقت سمجھی جائیں گی۔

2. کمپنی ممبر جو اس اجلاس عام میں شرکت کرنے اور ووٹ دینے کا/ کی حقدار ہے وہ اجلاس میں شرکت کرنے اور ووٹ دینے کیلئے کسی دوسرے ممبر اپنا پراکسی مقرر کر سکتا/ سکتی ہے۔ پروکسیز کے موثر ہونے کیلئے ضروری ہے کہ وہ کمپنی کے رجسٹرڈ آفس پر اجلاس کے وقت سے کم از کم 48 گھنٹے قبل موصول ہو جائیں۔

3. سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کے 15 فروری 2021 کو جاری کردہ 2021 کے سرکولر نمبر 4 کی روشنی میں، ممبران تصدیقی اور شناختی ضروریات مکمل کرنے کے بعد اس اجلاس میں ویڈیو لنک / الیکٹرونک ذرائع کے ذریعے بھی شرکت کرنے کے اہل ہوں گے۔ جو ممبران ویڈیو لنک / الیکٹرونک ذرائع کے ذریعے اس اجلاس میں شرکت کرنے کے خواہشمند ہیں اُن سے گذارش ہے کہ وہ میٹنگ کے آغاز سے 48 گھنٹے پہلے تک ای میل ایڈریس investor.relation@highnoon.com.pk پر مندرجہ ذیل تفصیلات مہیا کر کے اپنا اندراج کروالیں:

| نام | سی این آئی سی نمبر / پاسپورٹ نمبر (غیر ملکی کی صورت میں) | فولیو نمبر/ سی ڈی سی اکاؤنٹ نمبر | موبائل نمبر | ملکیتی حصص کی تعداد |
|---|---|---|---|---|
| | | | | |

*برائے مہربانی سی این آئی سی/ پاسپورٹ (غیر ملکی کی صورت میں) کی واضح نقل منسلک کریں۔

رجسٹریشن کی درخواست بذریعہ ای میل ایڈریس جو کمپنی کے پاس موجود / رجسٹرڈ ہو سے بھیجی جانی چاہیے۔یعنی سی ڈی ایس میں غیر مادی حصص کی صورت میں سی ڈی سی کی جانب سے مہیا کردہ یا مادی حصص کی صورت میں کمپنی کے پاس موجود ای میل ایڈریس ہے۔

کمپنی متعلقہ ممبران کو ویڈیو/الیکٹرونک سہولت تک رسائی اور اجلاس میں شرکت کرنے کیلئے ویڈیو/الیکٹرونک سہولت کا لنک اور دیگر متعلقہ معلومات بھیجے گی۔

برائے مہربانی نوٹ کریں کہ کارپوریٹ اینٹیٹی کے پراکسی/نمائندے کے معاملے میں نیچے دیئے گئے نوٹ 5 کی ضروریات کی پیروی کی جائے گی اور ویڈیو / الیکٹرونک سہولت کا لنک صرف اصل دستاویزات کی وصولی پر بھیجا جائے گا۔

4. CDC کے اکاؤنٹ ہولڈرز کو سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کی مندرجہ ذیل ہدایات پر عمل کرنا ہوگا۔

## میٹنگ میں شرکت کیلئے

(i) افراد کی صورت میں اکاؤنٹ ہولڈرز یا سب اکاؤنٹ ہولڈرز جن کی رجسٹریشن کی تفصیلات CDC کے ضوابط کے تحت اپ لوڈ ہو چکی ہیں، اسے میٹنگ میں شرکت کے وقت اپنی شناخت کی تصدیق کیلئے اپنا اصلی کمپیوٹرائزڈ شناختی کارڈ یا اصل پاسپورٹ دکھانا ہوگا۔

(ii) کارپوریٹ اینٹیٹی کی صورت میں بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد / مختار نامہ بحق نامزد شدہ ہمراہ دستخط نمونہ نامزد شدہ اجلاس کے وقت مہیا کرنا ہوں گے (اگر پہلے سے مہیا نہ کیئے گئے ہوں)۔

## پروکسیز کی تعیناتی

(i) افراد کی صورت میں اکاؤنٹ ہولڈرز یا سب اکاؤنٹ ہولڈرز جن کی رجسٹریشن کی تفصیلات CDC کے ضوابط کے تحت اپ لوڈ ہو چکی ہیں اسے اپنی پروکسی مندرجہ بالا ضروریات کے تحت جمع کروانی ہوگی۔

(ii) پروکسی فارم کی 2 لوگ گواہی دیں گے جن کے نام، پتے اور شناختی کارڈ نمبر فارم پر درج ہوں گے۔

(iii) مالکان اور پروکسی کے شناختی کارڈ / پاسپورٹ کی تصدیق شدہ کاپیاں پروکسی فارم کے ساتھ مہیا کرنا ہوں گی۔

(iv) پروکسی اپنا اصل CNIC یا اصل پاسپورٹ اجلاس کے وقت پیش کرے گا / گی۔

(v) کارپوریٹ اینٹیٹی کی صورت میں بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد / مختار نامہ ہمراہ دستخط نمونہ پروکسی فارم کے ساتھ مہیا کرنا ہوں گے (اگر پہلے سے مہیا نہ کئے گئے ہوں)۔

5. ممبران لاہور میں غیر معمولی اجلاس عام میں شرکت کیلئے ویڈیو کانفرنس کی سہولت لے سکتے ہیں بشرطیکہ کمپنی کے اجلاس سے 7 یوم پہلے مجموعی طور پر 10% یا زیادہ حصص کے حامل ممبران کی طرف سے عندیہ (معیاری فارم نیچے دیا گیا ہے) موصول ہو جاتا ہے۔

کمپنی متعلقہ ممبران کو اجلاس کی تاریخ سے پہلے ویڈیو کانفرنس کی سہولت سے متعلق جگہ اور مکمل ضروری معلومات فراہم کرے گی تا کہ وہ اس سہولت کو استعمال کر سکیں۔

میں/ہم ____________ ہائی نون کے ____________ حصص بذریعہ فولیو نمبر / CDC اکاؤنٹ نمبر ____________ کا/ کے حامل ممبر (ان) بذریعہ ہذا کمپنی کے غیر معمولی اجلاس عام منعقدہ 02 ستمبر 2024 کیلئے لاہور میں ویڈیو کانفرنس کی سہولت کا انتخاب کرتا / کرتے ہیں۔

____________

دستخط ممبر

## 6. ڈائریکٹرز کا انتخاب

کوئی بھی ممبر جو ڈائریکٹرز کے انتخاب میں حصہ لینا چاہتا ہے، چاہے وہ سبکدوش ہونے والا / والی ڈائریکٹر ہو یا اس کے علاوہ ہو وہ 02 ستمبر 2024 سے چودہ دن پہلے تک مندرجہ ذیل دستاویزات اور معلومات کمپنی کو اسکے رجسٹرڈ پتے پر جمع کروائے:

اے) کمپنیز ایکٹ، 2017 کی دفعہ 159 (3) کے مطابق اپنے آپ کو ڈائریکٹرز کے انتخاب کیلئے پیش کرنے کی اپنی خواہش سے متعلق نوٹس لسٹڈ کمپنیز (کوڈ آف کارپوریٹ گورننس) ریگولیشنز 2019 کے ضابطہ 7A کے مطابق کسی ایک کیٹیگری کا انتخاب کرتے ہوئے جس میں وہ انتخاب لڑنے کا ارادہ رکھتا / رکھتی ہو۔

Highnoon

ڈائریکٹرز کی کیٹیگریز اور ہر کیٹیگری میں منتخب کئے جانے والے ڈائریکٹرز کی تعداد درج ذیل ہے:

| کیٹیگری | منتخب کئے جانے والے ڈائریکٹرز کی تعداد |
|---|---|
| خاتون ڈائریکٹر | 1 |
| آزاد ڈائریکٹرز | 2 |
| دیگر ڈائریکٹرز | 4 |

بی) ڈائریکٹر کے طور پر کام کرنے کیلئے اپنی رضامندی جیسا کہ کمپنیز ایکٹ 2017 کی دفعہ 167 کے تحت تجویز کیا گیا ہے۔

سی) اپنا فولیو نمبر / سی ڈی سی انویسٹر اکاؤنٹ نمبر / سی ڈی سی سب اکاؤنٹ نمبر، ملکیتی حصص کی تعداد اور رابطے کی تفصیلات۔

ڈی) کمپنی کی ویب سائٹ پر رکھنے کیلئے پروفائل بمعہ دیگر ڈائریکٹرز شپس / عہدے )اگر کوئی ہو تو) اور اپنا پتہ۔

ای) کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ) سی این آئی سی ( / پاسپورٹ (غیر ملکی کی صورت میں) کی تصدیق شدہ نقل اور ٹیکس دہندہ رجسٹریشن

الیف) اقرار نامہ کہ:

- وہ کمپنیز ایکٹ 2017 یا دیگر قابل اطلاق قوانین / قواعد / ضوابط کے تحت کمپنی کا/کی ڈائریکٹر بننے کیلئے نااہل نہیں ہے۔
- وہ سات سے زیادہ لسٹڈ کمپنیز میں بطور ڈائریکٹر بشمول متبادل ڈائریکٹر بشمول اس کمپنی (جب ڈائریکٹر منتخب/مقرر ہو جائے گا/ گی) کے خدمات انجام نہیں دے رہا/رہی ہے۔ تاہم لسٹڈ سبسڈریز کی ڈائریکٹر شپس اس حد میں شامل نہیں ہوں گی۔
- وہ بروکریج کا کاروبار نہیں کرتا/ کرتی یا کسی ایسے شخص کا/ کی شریک حیات نہیں ہے یا کسی کارپوریٹ بروکریج ہاؤس کا/کی اسپانسر، ڈائریکٹر یا افسر نہیں ہے۔
- وہ کسی مالیاتی ادارے کو قرض کی واپسی کیلئے کسی مجاز دائرہ اختیار کی عدالت کی جانب سے نادہندہ قرار نہیں دیا/دی جا چکا/ چکی ہے۔
- وہ کمپنی کے میمورنڈم اور آرٹیکل آف ایسوسی ایشن اور قابل اطلاق قوانین/قواعد/ضوابط وغیرہ کے تحت ڈائریکٹر کے فرائض اور اختیارات سے واقف ہے۔

جی) جو شخص بطور آزاد ڈائریکٹر انتخاب میں حصہ لے رہا ہوگا/ گی وہ یہ بھی جمع کروائے گا/گی:

- ایک اعلامیہ کہ وہ لسٹڈ کمپنیز ( کوڈ آف کارپوریٹ گورننس ) کے ضوابط، 2019 اور کمپنیز ایکٹ، 2017 اور اس کے تحت جاری کردہ قواعد وضوابط کے تحت آزادی کے معیار کو پورا کرتا ہے اور یہ کہ اسکا نام سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کی جانب سے اعلان شدہ انسٹیٹیوٹ / ادارے کی جانب سے قائم کردہ آزاد ڈائریکٹرز کے ڈیٹا بینک میں درج ہے۔
- نان جوڈیشیل اسٹمپ پیپر پر انڈرٹیکنگ کہ وہ کمپنیز (مینر اینڈ سلیکشن آف انڈیپینڈنٹ ڈائریکٹرز) ریگولیشنز 2018 کے ریگولیشن 4 کے سب ریگولیشن (1) کی ضروریات پر پورا اترتا/ اترتی ہے بمعہ انڈرٹیکنگ کو ثابت کرنے کیلئے معاون معلومات۔

ایچ) کوئی اور دستاویز/معلومات جس کو وہ ضروری سمجھتا/ سمجھتی ہو اور / یا کمپنی کو درکار ہوں۔

مقابلہ کرنے والے امیدواروں سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ کمپنیز ایکٹ 2017 کے تحت ڈائریکٹرز کے انتخابات سے متعلق، متعلقہ دفعات/ تقاضوں اور اس کے تحت جاری کردہ قواعد وضوابط کو پڑھ لیں اور ان کی مکمل طور پر تعمیل کو یقینی بنائیں۔

اگر کسی کیٹیگری میں اپنے آپ کو منتخب ہونے کی پیشکش کرنے والے افراد کی تعداد اس کیٹیگری میں منتخب کئے جانے والے ڈائریکٹرز کی تعداد سے زیادہ نہیں ہوگی تو ایسے افراد ووٹنگ کے عمل کے بغیر بلامقابلہ منتخب ہو جائیں گے۔

اگر کسی کیٹیگری میں اپنے آپ کو منتخب ہونے کی پیشکش کرنے والے افراد کی تعداد اس کیٹیگری میں منتخب کئے جانے والے ڈائریکٹرز کی تعداد سے زیادہ ہوگی تو کمپنیز ایکٹ، 2017 اور کمپنیز ( پوسٹل بیلٹ) ریگولیشنز، 2018 کی ضوابط کے تحت کمپنی اپنے ممبران کو پوسٹل بیلٹ (یعنی ڈاک یا الیکٹرانک موڈ کے ذریعے ووٹنگ) کا اختیار فراہم کرے گی اور قابل اطلاق تقاضوں کی تعمیل کی جائے گی بشمول سکروٹنائزر اور ای ووٹنگ سروس فراہم کنندہ کا تقرر۔ تمام متعلقہ معلومات / طریقہ کار کو ممبران تک پہنچایا جائے گا جس سے وہ ڈاک کے ذریعے یا الیکٹرانک موڈ کے ذریعے ووٹ ڈال سکیں گے۔

7. ممبران سے گزارش ہے کہ وہ اپنے پتوں میں تبدیلیاں کروالیں (اگر کوئی ہے)۔

8. کسی استفسار / مشکل / معلومات کیلئے ممبران کمپنی سے ای میل investor.relations@highnoon.com.pk پر اور / یا کمپنی کے شیئر رجسٹرار سے اوپر دیئے گئے پتے اور فون نمبر: (+92 42) 35916714-19 ای میل corplink786@gmail.com پر رابطہ کر سکتے ہیں۔ ممبران معلومات / نوٹسز کیلئے کمپنی کی ویب سائٹ www.highnoon-labs.com بھی دیکھ سکتے ہیں۔

**کمپنیز ایکٹ، 2017 کی دفعات 134(3) اور 166 (3) کے تحت اہم حقائق کا بیان**

ڈائریکٹرز کا انتخاب 31 اگست 2021 کو ہوا تھا اور نئے انتخابات تین سال بعد ہونے چاہییں۔ اس لئے اس اجلاس میں تین سال کی اگلی مدت کیلئے کمپنی کے بورڈ آف ڈائریکٹرز کی دوبارہ تشکیل کی جائے گی۔

کمپنیز ایکٹ 2017 کی دفعہ 166(3) کی تعمیل میں، آزاد ڈائریکٹر کے لئے رضامندی کی دستاویزات ان اشخاص سے قبول کئے جائیں گی جو کمپنیز ایکٹ 2017 کی دفعہ 166 کے تحت متعین کردہ آزادی کے معیار پر پورا اترتے ہوں گے اور اس کے تحت جاری کردہ قواعد وضوابط کی ضروریات کو پورا کرتے ہوں گے بشمول سیکورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کی جانب سے اعلان شدہ انسٹیٹیوٹ / ادارے کی جانب سے قائم کردہ آزاد ڈائریکٹرز کے ڈیٹابینک پر ان کے ناموں کی موجودگی کے۔ مزید برآں کمپنی آزاد ڈائریکٹرز کا انتخاب کرتے وقت مطلوبہ جانچ پڑتال کرے گی اور امیدواروں کی متعلقہ قابلیت، تنوع، مہارت، علم اور تجربے کا بھی جائزہ لے گی۔ کمپنی یقینی بنائے گی کہ آزاد ڈائریکٹرز اسی طریقے سے منتخب ہوں جس طرح دوسرے ڈائریکٹرز کمپنیز ایکٹ 2017 کی دفعہ 159 کے مطابق منتخب ہوتے ہیں۔

کسی بھی ڈائریکٹر کی مذکورہ کاروبار میں براہ راست یا بالواسطہ دلچسپی نہیں ہے سوائے بحثیت شیئر ہولڈر اور یہ کہ وہ ڈائریکٹر کے انتخاب میں حصہ لے سکتا / لے سکتی ہے۔